نئے اخبارات وجرائد کے اجراء اور ٹی وی چینلوں کی کثرت نے شعبۂ ابلاغ عامہ کو فی زمانا وہ وسعت عطا کی ہے جو ماضی میں کبھی دیکھنے میں نہیں آئی لیکن اس وسعت وکثرت کے فوائد کے ساتھ ساتھ قومی زبان سے کماحقہٗ واقفیت کی کمی اور فقط انگریزی تعلیم یافتہ افراد کی متعلقہ شعبوں میں کارپرداز کی حیثیت سے موجودی نے غلط املا اور غلط تلفظ کو فروغ دیا ہے۔ زبان تعبیر کی سمعی وارادی قسم ہے اس لیے درست تلفظ سے بجا طور پر آگاہی الفاظ کو صحیح سننے کی صورت ہی میں ممکن ہے۔ الفاظ کے درست اور معیاری املا کے رواج میں اخبارات وجرائد اور ریڈیو اور ٹیلی وژن اہم وسیلہ ہیں مگر بدقسمتی سے تلفظ واملا دونوں کے معاملے ان ذرائع نے مثبت کے بجائے منفی کردار ادا کیا ہے اور کم علمی کے باعث غلط تلفظ اور املا کی بے راہ روی کا سبب بنے ہیں۔

زیرِ نظر ضابطے میں الف بائی ترتیب سے دو طرح کی فہرستیں مرتب کی گئی ہیں۔ ایک جس میں غلط املا کی نشان دہی کی گئی ہے اور اس کے مقابل درست املا درج کیا گیا ہے۔ یہ ضابطہ چوں کہ روزمرہ استعمال کے لیے ترتیب دیا گیا ہے اس لیے تلفظ واملا سے متعلق علمی ابحاث کی شمولیت سے اسے بوجھل نہیں کیا گیا البتہ حسب ضرورت حواشی میں مختلف نظریات کا تذکرہ اور وضاحت درج کی گئی ہے اور مختصراً وہ اصول وضوابط بھی شامل کر دیے گئے ہیں جن کی روشنی میں املا کے صحیح اور غلط ہونے کا فیصلہ کر کے فہرست مرتب کی گئی ہے۔

یہ ضابطہ ذرائع ابلاغ کے مختلف شعبوں سے وابستہ افراد کے لیے رہبر و رہ نما کا فریضہ سرانجام دے گا جس کی بدولت وہ املا وتلفظ کے معاملے میں لغزش اور شرمندگی سے محفوظ رہیں گے۔ آخر میں معاون کتب کی فہرست بھی شامل کی گئی تاکہ صاحبانِ ذوق ان کے مطالعے سے ذاتی استعداد میں اضافہ کر سکیں اور اُردو زبان کے مزاج سے آشنائی کی بدولت آئے دن دیگر زبانوں سے نت نئے در آنے والے الفاظ کے املا اور تلفظ کے بارے میں درست فیصلہ کر سکیں

اُمید ہے کہ اس ضابطے کی پاس داری ذرائع ابلاغ کی وساطت سے قومی زبان کے حق میں دور رس نتائج کی حامل ثابت ہوگی اور کثیر فوائد کا موجب بنے گی۔

عقیل عباس جعفری

مدیر اعلیٰ

اردو لغت بورڈ

Printed By: New Door Solutions

قیمت: ۳۰۰ روپے

صحیح تلفُّظ، درست اِملا

نگراں

عقیل عباس جعفری

تدوین

طارق بن آزاد

سیّد عامر عالم رضوی

SHOUKAT HUSSAIN
Lecturer
Govt. College Hyderabad

اُردُو لُغت بُورڈ

قومی تاریخ و اَدبی ورثہ ڈویژن، حکومت پاکستان

اسٹریٹ 18 اے، بلاک نمبر 5، گلشنِ اقبال

کراچی

اشاعت	:	۲۰۱۹ء
تعداد اشاعت	:	۵۰۰
تزئین و حروف کاری	:	سیّد معراج علی نواب
معاونین	:	سیّد امیر علی، سیّد ارشد علی، طاہر اقبال، محمد ریاض
تصحیح اغلاط	:	نزہت سیما ارشاد
ناشر	:	اُردو لُغت بورڈ، کراچی
طابع	:	New Door Solutions
آئی ایس بی این	:	978-969-9113-05-5
قیمت	:	۳۰۰ روپے

اظہارِ تشکر

اُردو لغت بورڈ، پیمرا کے سربراہ جناب محمد سلیم بیگ کا شکر گزار ہے جن کی توجہ اور دلچسپی سے یہ ضابطہ ذرائع ابلاغ کے اداروں تک رسائی پاسکا۔

اُمید ہے ان کی یہ کاوش، کامیابی سے ہم کنار ہوگی اور اس ضابطہ کو ترتیب دینے کا مقصد پورا ہو سکے گا۔

ابتدائیہ

نئے اخبارات و جرائد کے اجراء اور ٹی وی چینلوں کی کثرت نے شعبۂ ابلاغ عامہ کو فی زمانہ وہ وسعت عطا کی ہے جو ماضی میں کبھی دیکھنے میں نہیں آئی لیکن اس وسعت و کثرت کے فوائد کے ساتھ ساتھ قومی زبان سے کماحقہٗ واقفیت کی کمی اور فقط انگریزی تعلیم یافتہ افراد کی متعلقہ شعبوں میں کارپرداز کی حیثیت سے موجودی نے غلط املا اور غلط تلفظ کو فروغ دیا ہے۔ زبان تعبیر کی سمعی و ارادی قسم ہے اس لیے درست تلفظ سے بجا طور پر آگاہی الفاظ کو صحیح سننے کی صورت ہی میں ممکن ہے۔ الفاظ کے درست اور معیاری املا کے رواج میں اخبارات و جرائد اور ریڈیو اور ٹیلی وژن اہم وسیلہ ہیں مگر بدقسمتی سے تلفظ و املا دونوں کے معاملے میں ان ذرائع نے مثبت کے بجائے منفی کردار ادا کیا ہے اور کم علمی کے باعث تلفظ اور املا کی بے راہ روی کا سبب بنے ہیں۔ اس صورت حال میں ذرائع ابلاغ کو درست املا لکھنے اور صحیح تلفظ کی ادائی کا پابند کرنے کے لیے پیمرا اہم کردار ادا کرسکتا ہے۔ جس کے ساتھ دستِ تعاون دراز کرنے کے خیال سے ہی زیرِ نظر منصوبے کا خمیر اٹھا ہے۔

کیونکہ اُردو لغت بورڈ ہی تلفظ و املا کے باب میں وفاقی حکومت کے ماتحت وہ مؤقر و مقتدر ادارہ ہے جس کی جانب سے مرتب کردہ اصول وضوابط کی روشنی میں معیاری املا اور درست تلفظ کو قومی سطح پر نافذ کیا جائے اور ذرائع ابلاغ کے لیے یہ کام پیمرا کی قوت نافذہ سے لیا جائے تاکہ عوام الناس قومی زبان کے درست تلفظ و املا کی آگاہی حاصل کرکے اُسے صحیح طور پر لکھنے اور بولنے پر قادر ہوسکیں۔

زیرِ نظر ضابطے میں الف بائی ترتیب سے دو طرح کی فہرستیں مرتب کی گئی ہیں۔ ایک جس میں غلط املا کی نشان دہی کی گئی ہے اور اس کے مقابل درست املا درج کیا گیا ہے۔ جب کہ

دوسری میں عمومی طور پر غلط بولے جانے والے الفاظ کے درست تلفظ کی نشان دہی کی گئی ہے۔
یہ ضابطہ چوں کہ روزمرہ استعمال کے لیے ترتیب دیا گیا ہے اس لیے تلفظ و املا سے متعلق علمی ابحاث کی شمولیت سے اسے بوجھل نہیں کیا گیا البتہ حسب ضرورت حواشی میں مختلف نظریات کا تذکرہ اور وضاحت درج کی گئی ہے اور مختصراً وہ اصول وضوابط بھی شامل کردیے گئے ہیں جن کی روشنی میں املا اور تلفظ کے صحیح اور غلط ہونے کا فیصلہ کر کے فہرست مرتب کی گئی ہے۔

یہ ضابطہ ذرائع ابلاغ کے مختلف شعبوں سے وابستہ افراد کے لیے رہبر و رہ نما کا فریضہ سرانجام دے گا جس کی بدولت وہ املا و تلفظ کے معاملے میں لغزش اور شرمندگی سے محفوظ رہیں گے۔ آخر میں معاون کتب کی فہرست بھی شامل کی گئی ہے تا کہ صاحبانِ ذوق ان کے مطالعے سے ذاتی استعداد میں اضافہ کرسکیں اور اُردو زبان کے مزاج سے آشنائی کی بدولت آئے دن دیگر زبانوں سے نت نئے در آنے والے الفاظ کے املا اور تلفظ کے بارے میں درست فیصلہ کرسکیں لیکن اس سلسلے میں یہ بات ضرور ملحوظ رکھی جائے کہ غیر ضروری طور پر بدیسی الفاظ کے استعمال سے اجتناب برتا جائے۔ یہ اُردو زبان اور اہلِ اُردو کی خود اعتمادی کا مظہر ہوگا البتہ اگر کسی لفظ کا کوئی معقول اور طاقت ور اُردو مترادف موجود نہیں تو غیر ملکی الفاظ کو مستعار لینے میں کوئی قباحت نہیں بلکہ کسی لفظ کے بھونڈے یا کم زور ترجمے کے مقابلے میں یہ زیادہ بہتر ہے کیوں کہ زبردستی کوئی لفظ گھڑ لینا اکثر مضحکہ خیز صورتِ حال پیدا کرتا ہے جو کہ زبان کی عظمت و ثروت پر بٹا لگانے کا باعث بنتا ہے۔

اُمید ہے کہ اس ضابطے کی پاس داری ذرائع ابلاغ کی وساطت سے قومی زبان کے حق میں دور رس نتائج کی حامل ثابت ہوگی اور کثیر فوائد کا موجب بنے گی۔

ہم اس ضابطے کی تدوین کے سلسلہ میں محترم شکیل عادل زادہ کے شکرگزار ہیں جن کی رہ نمائی اور مرتب کردہ اُصولوں نے ہمارے کام کو بے حد سہل کر دیا۔

عقیل عباس جعفری
مدیرِ اعلیٰ

ضابطہ برائے املا

قواعد

☆ لفظ کے آخر میں ہَ (ہائے مختفی) صرف ان الفاظ میں لکھی جاتی ہے جو فارسی اور عربی سے اُردو میں شامل ہوئے ہیں۔

☆ ہندی، انگریزی یا دیگر زبانوں سے اُردو میں شامل ہونے والے الفاظ کے آخر میں ''الف'' لکھا جانا چاہیے۔

☆ شہروں کے جو نام ''ہ'' سے لکھے جاتے ہیں ان خاص ناموں کو اُسی صورت میں برقرار رکھنا استثنا کے ذیل میں شامل ہے۔

البتہ خاص خاص معروف ناموں کو چھوڑ کر چھوٹے چھوٹے غیر معروف یا کم معروف نام یا جو نام مستقبل میں زبان کا حصہ بنیں گے ان کو قواعد کے مطابق الف سے ہی لکھا جائے۔

☆ اس ضمن میں مزید استثنائی صورت کا ذکر رشید حسن خان نے اپنی کتاب اُردو املا میں درج ذیل الفاظ میں کیا ہے:

ہندی کے واسطے سے چند لفظ ایسے بھی آئے ہیں، جن میں آخری آواز میں واضح طور پر قصر پایا جاتا ہے اور ایسی صورت ہے کہ اِن لفظوں کو اگر الف سے لکھا جائے، تو یہ محسوس ہوگا کہ تلفظ کا حق ادا نہیں ہوا۔ جیسے مشہور بنگالی فلم ڈائرکٹر ''ستیہ جیت رے'' کا نام، کہ اگر اِس کو ''ستیاجیت'' لکھا جائے تو خود بہ خود محسوس

ہوگا کہ ی کی آواز کھنچ کر بگڑ گئی ہے۔ یہی صورت کچھ اور لفظوں کی بھی ہے ، جیسے : بھارتیہ جن سنگھ ، مدھیہ پردیش ، ستیہ کام ، بھاگیہ وتی ، راجیہ سبھا ، ستیہ ناراین ، ساہتیہ اکیڈمی ، چانکیہ پوری ، ساہتیہ پریشد ، کاریہ کارنی ، راشٹریہ بھاشا ، شاستریہ سنگیت : ایسے دو چار لفظ اور بھی ہوں گے۔ اِن سب لفظوں کی صورت ایک جیسی ہے کہ اِن میں ی سے پہلے حرف کی جھٹکے دار آواز ، ی پر زبر کے دباو کو بہت کم کردیتی ہے۔

یہ لفظ، اور اِس قبیل کے اور لفظ ؛ اِن سب کو ہائے مختفی کے ساتھ لکھا جائے گا اور یہ استثنا ہوگا۔ اِس سلسلے میں یہ بات خاص طور پر کہنے کی ہے کہ اِس طرح کے لفظ کم بل کہ بہت کم ہیں ؛ اور اِس قاعدے کو سختی کے ساتھ اُنھی الفاظ تک محدود رکھا جائے گا، باقی لفظوں کو عام قاعدے کے مطابق الف ہی سے لکھا جائے گا۔“

اس صورت کا ذکر اس لیے بھی ضروری تھا کہ آج کل ذرائع ابلاغ کی وساطت سے ہندی الفاظ کے استعمال کا رجحان غالب ہے غیر ضروری طور پر خالص ہندی الفاظ سے گریز ہی بہتر ہے البتہ جہاں صحافتی ضرورتوں کے تحت ان کو برتنے کی نوبت آئے تو درست املا سے تحریر کیا جاسکے۔

الف (ا) ، الف مدہ (آ)

غلط	درست
احرامِ مصر	اہرامِ مصر
ادویا	ادویہ (دوا کی جمع)
اڈہ	اڈا
ازدہام/اژدحام	ازدحام
استثنیٰ	استثنا
استعفیٰ	استعفا
اسکو	اس کو
اسلام علیکم/ السلام وعلیکم	السلامُ علیکم
اشیا ضروریہ	اشیاے ضروریہ
الجبرہ	الجبرا
القائدہ	القاعدہ
امریکہ	امریکا
انبیا کرام	انبیاے کرام
انترہ	انترا
انڈہ	انڈا
انشااللہ/انشاء اللہ	ان شاء اللہ
انقرا	انقرہ

غلط	درست
انگارہ	انگارا
انہوں	انھوں
انہیں	انھیں
انھونی/ انہونی	ان ہونی
اولیا کرام	اولیاے کرام
ایجنڈہ	ایجنڈا
آجشبکو	آج شب کو
آراضی	اراضی
آرہ	آرا
آسامی	اسامی
آوہ	آوا

ب ، بھ

غلط	درست
باجہ	باجا
باجرہ	باجرا
باڑہ	باڑا
بال خورہ/ بالخورہ	بال خورا
باولہ/ باؤلا	باولا
بٹہ	بٹا
بٹوارہ	بٹوارا
بچکانہ	بچکانا
بدلہ	بدلا
برائے کرم	براہِ کرم
برائے مہربانی	براہِ مہربانی
برآمدگی	برآمد
برآمدہ(Veranda)	برامدا
برخواست	برخاست
برقعہ	برقع ☆
بگولہ	بگولا
بلوہ	بلوا

غلط	درست
برطابق	مطابق
بمع / بمعہ	مع
بنگلہ	بنگلا
بنگلہ دیش	بنگلا دیش
بنولہ	بنولا
بہاالدین / بہاؤالدین	بہاء الدین
بے پرواہ	بے پروا
بے پرواہی	بے پروائی
بے تحاشہ	بے تحاشا
بیڑہ	بیڑا
بیگھہ	بیگھا
بھائی چارہ	بھائی چارا
بھتہ	بھتا
بَھٹہ / بُھٹہ	بَھٹا / بُھٹا
بھرتہ	بھرتا
بھروسہ	بھروسا
بھوسہ	بھوسا

(برقع☆) مولانا حامد علی خان نے لفظ برقع اور اس قبیل کے دیگر الفاظ کے غیر ضروری ''ہ'' کے ساتھ املا کی غلطی کی نشان دہی کرنے کے ساتھ ساتھ اس سے جنم

لینے والی مزید اغلاط کی طرف درج ذیل الفاظ میں توجہ دلائی ہے: ''بہت سے لوگ بعض عربی حروف کے آخر میں بلاوجہ ایک ہائے مختفی کا اضافہ کردیتے ہیں۔ مثلاً موقع، مرقع، مزرع، مصرع، برقع، وغیرہ۔ ان سب کا آخری حرف ع ہے۔ مثلا ع کے بعد معلوم نہیں کیوں ایک ہ بڑھا دی جاتی ہے اور انہیں مَوقَعَہ، مُرَقَّعَہ، مَزْرَعَہ، مِصْرَعَہ اور بُرقَعَہ لکھتے ہیں۔ یہ املا صحیح نہیں۔ ان الفاظ کے آخر میں ع کے بعد کوئی ''ہ'' نہیں۔ اس غلطی سے املا کی ایک اور غلطی پیدا ہوتی ہے۔ قاعدہ ہے کہ اُردو بول چال میں جب ایسے الفاظ کا اِمالہ ہو جن کے آخر میں ہائے مختفی ہو تو الف کی طرح ہ بھی عموماً یائے مجہول سے بدل جاتی ہے۔ مثلاً ''مکتبہ''، ''مکتبے'' ہو جاتا ہے اور ''درجہ''، ''درجے''۔ امالے کے بعد ان حروف کو تلفظ کے مطابق یائے مجہول ہی سے لکھنا بھی چاہیے لیکن جن الفاظ کے آخر میں ع ہو ان کا اِمالہ یائے مجہول سے نہیں ہوتا۔ انہیں یوں ہی لکھنا چاہیے ورنہ ان کا تلفظ مضحکہ خیز ہوجائے گا۔ مثلاً لوگ ''موقع'' کا امالہ کر کے ''موقعے'' لکھتے ہیں۔ مرقع کا اِمالہ کر کے مرقعے لکھتے ہیں۔ اسی طرح برقع، برقعے اور مصرع مصرعے لکھا جاتا ہے۔ یہ اِمالہ نہ صرف خلافِ قاعدہ ہے بلکہ اس سے اِملا کی بھی ایک ایسی غلطی واقع ہوتی ہے جو متعلقہ الفاظ کا حلیہ بدل کر ان کے تلفظ کو بھی عجیب وغریب بنا دیتی ہے۔ اس کے متعلق صحیح قاعدہ یہ ہے کہ جو الفاظ حرف ع پر ختم ہوں، ان کو اِمالے کی صورت میں لکھنے کے وقت ع کے حرف ماقبل کو مکسور کر دیا جائے۔ اِمالے سے ''موقع'' املا میں اپنی اصلی صورت کے قریب رہتے ہوئے موقِع ہو جائے گا۔ خلافِ قاعدہ موقعے (موق عے) نہیں ہوگا۔ ''مُرَقَع'' ق کے مکسور ہو جانے سے ''مُرَقِع'' ہو جائے گا۔ نہ کہ ''مُرَقَّعے'' (م رق ع ے)۔ اسی طرح ''مِصرَع''، 'ر' کے مکسور ہونے سے ''مِصرِع'' بنے گا نہ کہ 'ے' کے اضافے سے مصرعے (مص رعے) وقس علیٰ ہذا۔''

پ

غلط	درست
پانسہ	پانسا
پائل	پایل
پتہ	پتا
پتہ	پتا
پتھارہ	پتھارا
پٹہ	پٹا
پٹاخہ	پٹاخا
پزیرائی	پذیرائی
پردا	پردہ
پُرسہ	پُرسا
پرواہ	پروا
پسماندہ	پس ماندہ
پلازہ	پلازا
پنجرہ	پنجرا
پہیہ	پہیا
پیجئے	پیجیے
پیسہ	پیسا
پئے	پیے

ت/تھ

غلط	درست
تارہ	تارا
تالہ	تالا
تانبہ	تانبا
تانگہ	تانگا
تشتری	طشتری
تقاضہ	تقاضا
تماشہ	تماشا
تمغہ	تمغا
تنازعہ	تنازع
تولیہ	تولیا
طمانچہ/طمانچہ	تماچہ/تمانچا
تھانہ	تھانا
تھیلہ	تھیلا

ٹ/ٹھ

غلط	درست
ٹانکہ	ٹانکا
ٹخنہ	ٹخنا
ٹکیہ	ٹکیا
ٹولہ	ٹولا
ٹہرنا	ٹھہرنا
ٹہریئے	ٹھہریے
ٹیکہ	ٹیکا
ٹیلہ	ٹیلا
ٹھپہ	ٹھپا
ٹھیکہ	ٹھیکا
ٹھیلہ	ٹھیلا

ج/جھ

غلط	درست
جاڑہ	جاڑا
جاگئے	جاگیے
جانئے	جانیے
جتھہ	جتھا
جوالہ مکھی	جوالا مکھی
جھانسہ	جھانسا
جھروکہ	جھروکا
جھمکہ	جھمکا
جھنڈہ	جھنڈا
جھولہ	جھولا

چ/چھ

غلط	درست
چاہیئے	چاہیے
چاہئیں	چاہیں
چبوترہ	چبوترا
چٹخارہ	چٹخارا
چٹکلہ	چٹکلا
چرچہ	چرچا
چکمہ	چکما
چوہدری	چودھری
چھیک	چھینک
چیخ و پکار	چیخ پکار
چھاپہ	چھاپا
چھالیہ	چھالیا
چھتہ	چھتا

ح

غلط	درست
حایل	حائل
حکائت	حکایت
حلوہ	حلوا
حیرانگی	حیرانی

خ

غلط	درست
خایفً	خائف
خسارا	خسارہ
خرد برد	خورد برد
خورد و نوش	خور و نوش
خوف و حراس	خوف و ہراس
خیبر پختونخواہ	خیبر پختونخوا
خط و کتابت	خط کتابت

د/دھ

غلط	درست
داود	داؤد
درستگی	درستی
دلاسہ	دلاسا
دلبرداشتہ	دل برداشتہ
دلیہ	دلیا
دوپٹہ	دوپٹا/ دپٹا
دوحا(قطر کا دارالخلافہ)	دوحہ
دوکان	دکان
دولہا	دولھا
دوہری	دہری
دیکھئے/دیکھیے	دیکھیے
دھاگہ	دھاگا
دھبہ	دھبا
دھماکہ	دھماکا
دھندہ	دھندا
دھوکہ	دھوکا

ڈ/ڈھ

غلط	درست
ڈاکہ	ڈاکا
ڈاکیہ	ڈاکیا
ڈبہ	ڈبا
ڈبیہ	ڈبیا
ڈرامہ	ڈراما
ڈریئے	ڈریے
ڈنڈہ	ڈنڈا
ڈھانچہ	ڈھانچا
ڈھنڈورہ	ڈھنڈورا

ر

غلط	درست
راجہ	راجا
رائتہ	رایتا
رشتے ناطے	رشتے ناتے
رعائت	رعایت
رعائتی	رعایتی
رفاع عام	رفاہ عام
رکشہ	رکشا
روپیہ	روپیا
روحِ رواں	روح و رواں
روف	رؤف/ رَءُوف
روئیے	رویے
رنگ و روپ	رنگ روپ

ز

غلط	درست
زاویئے	زاویے
ذکریا	زکریا

س

غلط	درست
سٹہ	سٹا
سرمایا	سرمایہ
سکوک	صکوک
سمجھوتہ	سمجھوتا
سمجھئے	سمجھیے
سنئے	سنیے
سندیسہ	سندیسا
سوچئے	سوچیے
سہرہ	سہرا
سیکڑہ	سیکڑا

ش

غلط	درست
شایع	شائع
شائد	شاید
شکائت	شکایت
شکوا	شکوہ☆
شور وغل	شورغل

☆عربی میں اصل لفظ 'شکویٰ' ہے مگر اُردو میں فارسی کی وساطت سے 'شکوہ' کو قبول کرلیا گیا ہے اس لیے یہی درست ہے۔

ص

غلط	درست
صوفیا	صوفیہ

ض

غلط	درست
ضایع	ضائع

ط

غلط	درست
طلاطم	تلاطم
طلبا☆	طلبہ

حاشیہ:
عربی میں ایک لفظ 'طلیب' ہے جس کی جمع 'طلباء' ہے مگر شاگردوں کے معنی میں 'طلبہ' ہی درست ہے۔

ع

غلط	درست
عاید	عائد
علما کرام	علمائے کرام
عہدہ برآہ	عہدہ برآ
عطائی	اتائی

غ

غلط	درست
غائت	غایت
غتربود	غت ربود
غل غپاڑہ	غل غپاڑا

ف

غلط	درست
فارمولہ	فارمولا
فایدہ	فائدہ
فرمائش	فرمایش

ق

غلط	درست
قاعد	قائد(Leader)
قذاق	قزاق
قریب المرگ	قریب مرگ
قوائد وضوابط	قواعد وضوابط
قورمہ	قورما
قوس وقزح	قوس قزح

ک

غلط	درست
کاروائی	کارروائی
کٹورہ	کٹورا
کسمپرسی	کس مپرسی
کلیجہ	کلیجا
کوٹہ	کوٹا
کومہ	کوما
کوئل	کویل
کیجئے	کیجیے
کیلیے/کیلئے	کے لیے

کھ

غلط	درست
کھاتہ	کھاتا

گ

غلط	درست
گردوارہ	گردوارا
گذارش	گزارش
گذارہ	گزارا
گذشتہ	گزشتہ
گلہ	گلا (گردن)
گلا	گلہ (شکایت)

گھ

غلط	درست
گھائل	گھایل
گھٹنہ	گھٹنا
گھونسہ	گھونسا
گھونسلہ	گھونسلا

ل

غلط	درست
لاپتہ	لاپتا
لاپرواہ	لاپروا/ بے پروا
لاپرواہی	لاپروائی/ بے پروائی
لایق	لائق
لئے	لیے
لیجئے	لیجیے

م

غلط	درست
ماجرہ	ماجرا
متنازعہ	متنازع
مربہ	مربا
مصرعہ	مصرع
معہ	مع
معمہ	معما
معیاد	میعاد
مکہ	مکا
ملبہ	ملبا
موقعہ	موقع
مین میخ	مین میکھ
میعار	معیار
میکہ	میکا
میلہ	میلا

ن

غلط	درست
ناراضگی	ناراضی
ناطہ	ناتا
ناعاقبت اندیش	عاقبت نااندیش
ناکہ	ناکا
نائیک/ نائک	نایک
نکتۂ نظر	نقطۂ نظر
نقطہ چینی	نکتہ چینی
نوک جھونک	نوک جھوک

و

غلط	درست
واپسی	واپس
وطیرہ	وتیرہ
وٹہ سٹہ	وٹا سٹا
وڈیرہ	وڈیرا
وزارتِ پانی و بجلی	پانی اور بجلی کی وزارت
وزیرِ پانی و بجلی	پانی اور بجلی کے وزیر
وکٹوریہ	وکٹوریا
ویزہ	ویزا

ہ

غلط	درست
ہاوس	ہاؤس
ہتھکنڈہ	ہتھکنڈا
ہذف	حذف
ہلہ	ہلا
ہوشربا	ہوش ربا

ی

غلط	درست
یاداشت	یاد داشت

کچھ الفاظ ایسے ہیں جن کا آخری حرف ہ اور الف دونوں ہو سکتے ہیں اور وہ ایک معنی میں الف اور ایک معنی میں ہ کے ساتھ درست ہیں۔

ان کی فہرست مع معانی حسب ذیل ہے۔

لفظ	معنی	لفظ	معنی
آسیا	چکّی	آسیہ	زوجۂ فرعون
پارا	سیماب	پارہ	ٹکڑا
پلاّ	پلّے دار یعنی حمال	پلّہ	درجہ، مرتبہ
چارا	حیوانی خوراک	چارہ	تدبیر
خاصا	موزوں، اچھا	خاصہ	وہ نفیس چیز جو اُمرا کے لائق ہو
دانا	عقل مند	دانہ	آب و دانہ
زُہرہ	یونانی دیومالا کی ایک دیوی، نظام شمسی کا ایک سیارہ	زَہرا	روشن، چمکیلا، جناب فاطمہ بنت رسول اللہ کا لقب
سایا	معروف پوشاک	سایہ	دیوار کا سایہ
شیوا	فصیح و بلیغ	شیوہ	طرز و رَوِش
میانا	پالکی	میانہ	اَوسَط
نالا	(جیسے: ندی نالا)	نالہ	فریاد

ضابطہ برائے تلفظ

Scanned with CamScanner

الف

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
آَبدی	آبدی (اَ۔بَ۔دی)
اِبْتَدا	اِبْتِدا (اِبْ۔تِ۔دا)
آَبْلاغ	اِبْلاغ (اِبْ۔لا۔غ)
آَتْوار	اِتْوار (اِتْ۔وا۔ر)
اِتّفاق	اِتِّفاق (اِتْ۔تِ(مجہول)۔فا۔ق)
آَثْبات	اِثْبات (اِثْ۔با۔ت)
آَثرو رَسُوخ	آَثر و رُسوخ (اَ۔ثَ۔رو۔رُ۔سُو۔خ)
آَثنا عَشْرِی	اِثْنا عَشَرِی (اِثْ۔نا۔عَ۔شَ۔ری)
اَجارَہ	اِجارَہ (اِ۔جا۔رَہ)
اِجْتَماع	اِجْتِماع (اِجْ۔تِ(مجہول)۔ما۔ع)
اِجْتَہاد	اِجْتِہاد (اِجْ۔تِ(مجہول)۔ہا۔د)
اَجْرا	اِجْرا (اِجْ۔را)
اِجْرام	اَجْرَام (اَجْ۔را۔م)
اَحاطہ	اِحاطہ (اِ۔حا۔طَہ)
اِحْتَرام	اِحْتِرام (اِحْ(مجہول)۔تِ(مجہول)۔را۔م)
اِحْتَمال	اِحْتِمال (اِحْ(مجہول)۔تِ(مجہول)۔ما۔ل)
اَحْرام	اِحْرام (اِحْ(مجہول)۔را۔م)

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
اِحْمَد	اَحْمَد (اَح (مجہول)۔مَد)
اِخْتَصار	اِخْتِصار (اِخْ۔تِ(مجہول)۔صا۔ر)
اِخْتَلاف	اِخْتِلاف (اِخْ۔تِ(مجہول)۔لا۔ف)
اَخَذ	اَخْذ (اَخْ۔ذ)
اَخراجات	اِخْراجات (اِخْ۔را۔جا۔ت)
اَخراج	اِخْراج (اِخْ۔را۔ج)
اِخلاق	اَخْلاق (اَخْ۔لا۔ق)
اَخلاص	اِخْلاص (اِخْ۔لا۔ص)
اَخوان	اِخْوان (اِخْ۔وا۔ن)
اَخوُّت	اُخُوَّت (اُ۔خُو۔وَت)
اَدارَہ	اِدارَہ (اِ۔دا۔رَہ)
اُدبا	اُدَبا (اُ۔دَ۔با)
اَدبی	اَدَبی (اَ۔دَ۔بی)
اَدغام	اِدْغام (اِدْ۔غا۔م)
اَدوِیَہ	اَدْوِیَہ (اَدْ۔وِ۔یَہ)
اَذِیَت	اَذِیَّت (اَ۔ذِی۔یَت)
اَرسال	اِرْسال (اِرْ۔سا۔ل)
اِرتَقا	اِرْتِقا (اِرْ۔تِ(مجہول)۔قا)
اَرکان	اَرْکان (اَرْ۔کا۔ن)

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
اَزالَہ	اِزالَہ (اِ۔زا۔لَہ)
اَزْدَحام	اِزْدِحام (اِزْ۔دِ(مجہول)؟۔حا۔م)
اَزْدَواج/اِزْدَواج	اِزْدِواج (اِزْ۔دِ(مجہول)۔وا۔ج)
اَزْل	اَزَلی (اَ۔زَ۔لِی)
اِزْواج	اَزْواج (اَزْ۔وا۔ج)
اَساتْذَہ/اَساتَذَہ	اَساتِذَہ (اَ۔سا۔تِ(مجہول)۔ذَہ)
اِسْتَخارَہ	اِسْتِخارَہ (اِسْ۔تِ(مجہول)۔خا۔رَہ)
اِسْتِخواں	اُسْتخواں (اُسْ۔تُ۔خا۔ں)
اِسْتَدْعا	اِسْتِدْعا (اِسْ۔تِدْ۔عا)
اُسْتَرَہ	اُسْتُرَہ (اُسْ۔تُ۔رَہ)
اِسْتَصْواب	اِسْتِصْواب (اِسْ۔تِصْ۔وا۔ب)
اِسْتَطاعت	اِسْتِطاعَت (اِسْ۔تِ(مجہول)۔طا۔عَت)
اِسْتَعداد	اِسْتِعْداد (اِسْ۔تِعْ(مجہول)۔دا۔د)
اِسْتَغاثَہ	اِسْتِغاثَہ (اِسْ۔تِ(مجہول)۔غا۔ثَہ)
اِسْتَفادَہ	اِسْتِفادَہ (اِسْ۔تِ(مجہول)۔فا۔دَہ)
اِسْتَغْفار	اِسْتِغْفار (اِسْ۔تِغْ۔فا۔ر)
اِسْتَفْسار	اِسْتِفْسار (اِسْ۔تِفْ۔سا۔ر)
اِسْتَقْبال	اِسْتِقْبال (اِسْ۔تِقْ۔با۔ل)
اِسْتَوار/اُسْتَوار	اُسْتُوار (اُسْ۔تُ۔وا۔ر)

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
اَسْپتال	اَسْپَتال (اَس ۔پَ ۔ تا۔ل)
اَسْراف	اِسْراف (اِس ۔ را۔ف)
اِسْلاف	اَسْلاف (اَس ۔لا۔ف)
اَسْلَحَہ/اَسْلَحے	اَسْلِحَہ (اَس ۔لِ(مجہول)۔حَہ)
اَسْلوب	اُسْلُوب (اُس ۔لُو۔ ب)
اَسْوَہ/اِسْوَہ	اُسْوَہ (اُس ۔وَہ)
اَسْہال	اِسْہال (اِس۔ ہا۔ل)
اَشاعَت	اِشاعَت (اِ ۔ شا۔عَت)
اَشْرَفی	اَشْرَفی (اَش ۔ رَ۔فِی)
اَصُول	اُصُوْل (اُ۔صُوْ۔ل)
اِصْطَبَل	اَصْطَبَل (اَص۔طَ۔بَل)
اِصْطَلاح	اِصْطِلاح (اِص۔طِ(مجہول)۔لا۔ح)
اَصَل	اَصْل (اَص۔ل)
اَضافَہ	اِضافَہ (اِ۔ضا۔فَہ)
اِضْطَراب	اِضْطِراب (اِض۔طِ(مجہول)۔را۔ب)
اِضْلاع	اَضْلاع (اَض۔لا۔ع)
اَعادَہ	اِعادَہ (اِ۔عا۔دَہ)
اَعانَت	اِعانَت (اِ۔عا۔نَت)
اِعْتَبار	اِعْتِبار (اِ غ۔تِ(مجہول)۔با۔ر)

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
اِعْتَدال	اِعْتِدال (اِغ۔(مجہول)تِ(مجہول)۔دا۔ل)
اِعْتَراف	اِعْتِراف (اِغ(مجہول)۔تِ(مجہول)۔را۔ف)
اِعْتَماد	اِعْتِماد (اِغ(مجہول)۔تِ(مجہول)۔ما۔د)
اَعْراب	اِعْراب (اِغ(مجہول)۔را۔ب) (کلمات کی حرکت کو واضح کرنا)
اِغْراض	اَغْراض (اَغ۔را۔ض)
اَغْوا	اِغْوا (اِغ۔وا)
اَفادَہ	اِفادَہ (اِ۔فا۔دَہ)
اَفاقَہ	اِفاقَہ (اِ۔فا۔قَہ)
اِفْتَتاح	اِفْتِتاح (اِف۔تِ(مجہول)۔تا۔ح)
اِفْراد	اَفْراد (اَف۔را۔د)
اَفْراط	اِفْراط (اِف۔را۔ط)
اَفْطار	اِفْطار (اِف۔طا۔ر)
اُفَق	اُفُق (اُ۔فُق)
اُفَقِی	اُفُقِی (اُ۔فُ۔قِی)
اَفْلاس	اِفْلاس (اِف۔لا۔س)
اَقامَت	اِقامَت (اِ۔قا۔مَت)
اِقْتَباس	اِقْتِباس (اِق۔تِ(مجہول)۔با۔س)
اِقْتَدار	اِقْتِدار (اِق۔تِ(مجہول)۔دا۔ر)

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
اِقْدار	اَقْدار (اَقْ۔دا۔ر)
اَقْدام (پیش قدمی)	اِقْدام (اِقْ۔دا۔م)
اَقْرَبا	اَقْرِبا (اَقْ۔رِ۔با)
اِقْساط	اَقْساط (اَقْ۔سا۔ط)
اِقْسام	اَقْسام (اَقْ۔سا۔م)
اَقَلِیم	اِقْلِیم (اِقْ۔لی۔م)
اِقْوام	اَقْوام (اَقْ۔وا۔م)
اَقْلِیَت	اَقَلِیَّت (اَ۔قَلْ۔لِی۔یَت)
اَکْثَرِیَت	اَکْثَرِیَّت (اَک۔ثَ۔ری۔یَت)
اَکْسِیر	اِکْسِیْر (اِک۔سی۔ر)
اَلاماں	اَلْاَماں (اَلْ۔اَ۔ما۔ں)
اَلتَمَش	اَلْتِمِش (اَلْ۔تَ۔مِش)
اَلْغَرْض	اَلْغَرَض (اَلْ۔غَ۔رَض)
اَلِفْ لیلَہ/اَلَف لیلَہ	اَلْف لیلَہ (اَلْ۔فِ۔لے۔لَہ)
اَمارَت	اِمارَت (اِ۔ما۔رَت)
اِمْتَحان	اِمْتِحان (اِم۔تِ(مجہول)۔حا۔ن)
اَمْثَلَہ	اَمْثِلَہ (اَم۔ثِ۔لَہ)
اِمْراض	اَمْراض (اَم۔را۔ض)

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
اَمْرَت	اَمْرِت (اَم۔رِت)
اِمْلاک	اَمْلاک (اَم۔لا۔ک)
اُمُم	اُمَم (اُ۔مَم)
اَمَن	اَمْن (اَم۔ن)
اَمُور	اُمُور (اُ۔مو۔ر)
اُمَید/اُمَّید	اُمّید (اُم۔مِی۔د)
اِنَبساط	اِنْبِساط (اِم۔بِ(مجہول)۔سا۔ط)
اِنْتَخاب	اِنْتِخاب (اِن۔تِ(مجہول)۔خا۔ب)
اِنْتَشار	اِنْتِشار (اِن۔تِ(مجہول)۔شا۔ر)
اِنْتَقال	اِنْتِقال (اِن۔تِ(مجہول)۔قا۔ل)
اِنْتَہا	اِنْتِہا (اِن۔تِ(مجہول)۔ہا)
اُنَتّیس	اَنْتِیس (اَن۔تِی۔س)
اِنْجِیر	اَنْجیر (اَن۔جی۔ر)
اِنْحَراف	اِنْحِراف (اِن۔حِ۔را۔ف)
اِنْحَصار	اِنْحِصار (اِن۔حِ(مجہول)۔صا۔ر)
اِنْخَلا	اِنْخِلا (اِن۔خِ۔لا)
اِنْدَراج	اِنْدِراج (اِن۔دِ(مجہول)۔را۔ج)
اَنْدُرونی	اَنْدَرونی (اَن۔دَ۔رُو۔نی)
اِنْسَداد	اِنْسِداد (اِن۔سِ(مجہول)۔دا۔د)

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
اِنعام (اِنام)	اِنْعام (اِنْ۔عا۔م)
اُنْجاس	اَنْجاس (اَنْ۔چا۔س)
اَہانَت	اِہانَت (اِ۔ہا۔نَت)
اِہتَمام	اِہْتِمام (اِہْ (مجہول)۔تِ (مجہول)۔ما۔م)
اِہم/اَہم	اَہم (اَ۔ہَم)
ایوان	اَیْوان (اے۔وا۔ن)

آ

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
آخْرَت	آخِرَت (آ۔خِ۔رَت)
آخِرْکار	آخِرکار (آ۔خِ۔رِ (مجہول)۔کا۔ر)
آخْری	آخِری (آ۔خِ۔رِیْ)
آدْمی	آدَمی (آ۔دَ۔مِی)
آراضی	اَراضی (اَ۔را۔ضی)
آسامی	اَسامی (اَ۔سا۔مِی)
آصَف	آصِف (آ۔صِف)
آمْدَنی/آمَدْنی	آمَدَنی (آ۔مَ۔دَ۔نِی)
آفریں	آفرِیں (آ۔ف۔رِیْ۔ں)

ب

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
باہِر	باہَر (با۔ہَر)
بَحَث	بَحْث (بَحْ (مجہول)۔ث)
بَحِیرَہ	بُحَیْرَہ (بُ۔حَیْ۔رَہ)
بَہَتْشْمَہ	بَہِشْتِما (بَہ۔شِتْ۔ما)
بَدْمُعاش	بَدْمَعاش (بَدْ۔مَ۔عاش)
بِرادَر	بَرادَر (بَ۔را۔دَر)
بَرادِری	بِرادَرِی (بِ۔را دَ۔رِی)
بَرْش	بَرَس (بَ۔رَس)
بَرْص	بَرَص (بَ۔رَص)
بُرّاق	بُراق (بُ۔راق) (معراج کی سواری)
بُرّاق	بَرّاق (بَرْ۔راق) (چمک دار)
بُرْدَہ	بَرْدَہ (بَرْ۔دَہ) (غلام)
بَرَف	بَرْف (بَرْ۔ف)
بَرْکات	بَرَکات (بَ۔رَ۔کات)
بِرہْمَن	بَرَہْمَن (بَ۔رَہْ (مجہول)۔مَن)

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
بَزَم	بَزْم (بَزْ۔م)
بَشَارَت	بِشارَت (بِ۔شا۔رَت)
بَقْیہ	بَقِیَّہ (بَ۔قِی۔یَہ)
بُلَند	بَلَنْد (بَ۔لَنْد)
بَلْدِیَہ	بَلَدِیَّہ (بَ۔لَ۔دِی۔یَہ)
بِہِشت	بَہِشت (بَ۔ہِشت)
بیخ کُنی	بیخ کَنی (بے۔خْ۔کَ۔نی)
بَیْن	بَیَن (بَی۔یَن)
بَینُ الاَقوامی	بَینَ الاَقوامی (بَی۔نَل۔اَق۔وا۔می)
بَہگَت	بَہگَت (بَھ۔گَت)

(پ ، پھ)

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
پاکِیْزگی	پاکِیزَگی (پا۔کی۔زَ۔گی)
پُخْتگی	پُخْتَگی (پُخْ۔تَ۔گی)
پَرْخَچّے	پَرَخچے (پَ۔رَخْ۔چے)
پَرِیْشاں	پَریشان (پَ۔رے۔شاں)
پَسِ مَنْظر	پَسْ مَنظر (پَس۔مَن۔ظَرْ)
پُلَنْدا	پُلَندا (پُ۔لَن۔دا)
پَناہ گَزِیْں	پَناہ گُزِیں (پَ۔ناہ۔گُ۔زِیں)
پَنْڈَت	پَنْڈِت (پَن۔ڈِت)
پَرِسْتار	پَرَسْتار (پَ۔رَس۔تار)
پِیامْ	پَیام (پَ۔یام)
پَیْروی	پیرَوی (پے۔رَ۔وی)
پِھٹِکری / پَھٹْکَڑی	پھٹکری / پِھٹَکِڑیْ (پِھٹ۔کَ۔ری/ڑی)

(ت)

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
تَبْصَرَہ	تَبْصِرَہ (تَبْ ۔ صِ ۔ رَہ)
یِتَرْبِتَر	تِتَّرْ بِتَّرْ (تِتْ ۔ تَرْ ۔ بِتْ ۔ تَرْ)
تَجاوَز/تَجاوِز	تَجاوُزْ (تَ ۔ جا ۔ وُزْ)
تجرِبَہ	تَجْرِبَہ (تَجْ ۔ رِ ۔ بَہ)
تَجْزِیَّہ	تَجْزِیَہ (تَجْ ۔ زِ ۔ یَہ)
تَذْکَرَہ	تَذْکِرَہ (تَذْ ۔ کِ ۔ رَہ)
تَراجُم	تَراجِم (تَ ۔ را ۔ جِم)
تَرْجُمَہ/تَرْجِمَہ	تَرْجَمَہ (تَرْ ۔ جَ ۔ مَہ)
تَرْس	تَرَس (تَ ۔ رَس) (رحم)
تَرْیاق	تِرْیاق (تِرْ ۔ یاق)
تشیع	تَشَیُّع (تَ ۔ شَی ۔ یُعْ)
تَعْیُن	تَعَیُّن (تَ ۔ عَیْ ۔ یُنْ)
تَعَیُّنات	تَعِیْنات (تَ ۔ عِیْ ۔ نا ۔ ت)
تَفْرَقَہ/تَفَرْقَہ	تَفْرِقَہ (تَفْ ۔ رِ ۔ قَہ)
تَلاوَت	تِلاوَت (تِ ۔ لا ۔ وَت)

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
تِلْجَھٹ/تَلْجُھٹ	تَلْچَھٹ (تَلْ ۔ چَھٹ)
تَلْف	تَلَف (تَ ۔ لَف)
تِلْمِلانا	تَلْمَلانا (تَلْ ۔ مَ ۔ لا ۔ نا)
تَوَجِّہ/تَوَجَّہ	تَوَجُّہ (تَ ۔ وَجْ ۔ جُہ)
تَوَقُّع	تَوَقُّع (تَ ۔ وَق ۔ قُع)

(ج)

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
جاوَداں	جاوِداں (جا۔ وِ۔ داں)
جَبِلَّت	جِبِلَّت (جِ۔ بِل۔ لَت)
جَدَال	جِدال (جِ۔ دا۔ل)
جَدَوجَہد	جِدّوجُہْد (جِد۔ دو۔جُہْ۔د)
جدول	جَدْوَل (جَدْ۔ وَل)
جَذام	جُذام (جُ۔ ذا۔م)
جَرَاحَتْ	جِراحَت (جِ۔ را۔ حَت) (پیشہ جَرّاحی)
جَرْثومَہ	جُرْثُوْمَہ (جُر۔ ثُو۔ مَہ)
جِرَح	جَرْحْ (جَر۔ح)
جِرگہ	جَرْگَہ (جَر۔ گَہ)
جَزْیہ	جِزْیَہ (جِز۔یَہ)
جُسْتَہ جُسْتَہ	جَسْتَہ جَسْتَہ (جَس۔ تَہ۔ جَس۔ تَہ)
جِسامَت	جَسامَت (جَ۔ سا۔ مَت)
جِسَم/جِسِم	جِسْم (جِس۔م)
جَسْدْ	جَسَدْ (جَ۔ سَد)

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
جَفَر	جَفْرْ (جَف۔ر)
جُلُو	جِلَوْ (جِ۔لَو)
جَلُوس	جُلُوس (جُ۔لُو۔س)
جُہْلا	جُہَلا (جُ۔ہَ۔ لا)
جَہَاد	جِہاد (جِ۔ ہاد)
جَہْنُم	جَہَنَّم (جَ۔ہَن۔ نَم)
جِھیلنَا	جَھیلنا (جھے۔ل۔ نا)

Scanned with CamScanner

(ح)

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
حادثَہ	حادِثہ (حا۔دِ۔ثہ)
حافظَہ	حافِظَہ (حَا۔فِ۔ظَہ)
حُباب	حَباب (حَ۔با۔ب)
حَتی الامکان	حَتَّی الْاِمْکان (حَت۔تَلْ۔اِمْ۔کا۔ن)
حَجّاج	حُجّاج (حُجْ۔جا۔ج (حاجی کی جمع)
حَجم/حُجَم	حَجْم (حَجْ۔م)
حَذَف	حَذْف (حَذْ۔ف)
حَرَج	حَرَج (حَ۔رَج)
حَرَف	حَرْف (حَرْ۔ف)
حَرفَت	حِرْفَت (حِرْ۔فَت)
حَرکات	حَرَکات (حَ۔رَ۔کات)
حُرَیت	حُرِیَت (حُرْ۔رِیْ۔یَت)
حَسَنَہ	حَسَنَہ (حَ۔سَ۔نَہ)
حَشراتُ الاَرض	حَشَراتُ الْاَرض (حَ۔شَ۔را۔تُلْ۔اَرْ۔ض)
حَصَص	حِصَص (حِ۔صَص)

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
حَقْ تَلْفِی	حَقْ تَلَفِی (حَقْ۔تَ۔لَ۔فی)
حِقارَت	حَقارَت (حَ۔قا۔رَت)
حَلْف	حَلَف (حَ۔لَف)
حُکُم	حُکْم (حُکْ۔م)
حِماقت	حَماقَت (حَ۔ما۔قَت)
حَنْفِی	حَنَفِی (حَ۔نَ۔فی)
حَوشَلَہ	حَوْصَلَہ (حَو۔صَ۔لَہ)

(خ)

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
خاتْمَہ	خَاتِمَہ (خا۔ تِ۔ مَہ)
خارْجہ	خارِجَہ (خا۔ رِ۔ جَہ)
خَبْرّ	خَبَر (خَ۔ بَرْ)
خَتَم	خَتْم (خَتْ۔ مْ)
خِجَل	خَجِل (خَ۔ جِلْ)
خَرام	خِرام (خِ۔ رام)
خَرْقَہ	خِرْقَہ (خِرْ۔ قَہ)
خِسارَہ	خَسارَہ (خَ۔ سا۔ رَہ)
خِضْرا	خَضْرا (خَضْ۔ را)
خَلْعَت	خِلْعَت (خِلْ۔ عَت)
خُنَک	خُنُک (خُ۔ نُکْ)
خودرو	خودرُو (خُود (خُدْ)۔ رُو) (خودبخود اُگنے والا)
خود کَشی	خود کُشی (خود (خُدْ)۔ کُ۔ شِیْ)
خط و کتابت	خط کتابت

(د)

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
دَرْجات	دَرَجات (دَ۔ رَ۔ جات)
دَرود	دُرُود (دُ۔ رُوْ۔ دْ)
دَرْہَم	دِرہَم (دِرْ۔ ہَمْ)
دَسْتَخَط	دَستْخط (دَسْ۔ تْ۔ خَطْ)
دَسْتَرَس	دَسْتْرَس (دَسْ۔ تْ۔ رَسْ)
دَفاع	دِفاع (دِ۔ فاع)
دَلیر	دِلیر (دِ۔ لے۔ ر)
دوبَھر	دُوْبَھرْ (دُوْ۔ بَھرْ)
دو ٹوک	دو ٹُوک (دو۔ ٹُوک)
دوم	دُوَم (دُ۔ وَمْ)
دَھْمال	دَھمّال (دَھمْ۔ مَال)
دَیار	دِیار (دِ۔ یا۔ ر)
دِیّت	دِیَت (دِ۔ یَت)

(ذ)

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
ذِمی/ذَمّی	ذِمّی (ذِم۔مِی)
ذُرْیَت	ذُرِّیّت (ذُر ۔ رِی ۔یَت)
ذِہانَت	ذَہانَت (ذَ۔ہا۔نَت)

(ر)

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
رَابْطَہ	رَابِطَہ (را۔بِ۔طَہ)
رافْضِی	رافِضِی (را۔فِ۔ضِی)
رُباب	رَباب (رَ۔با۔ب) (ساز)
رَجُوْع	رُجُوع (رُ۔جُو۔ع)
رَحْلَت	رِحْلَت (رِح۔لَت)
رَسَم	رَسْم (رَس۔م)
رَسُوْخ	رُسُوْخ (رُ۔سُو۔خ)
رَطُوْبَت	رُطُوْبَت (رُ۔طُو۔بَت)
رَعُوْنَت	رُعُوْنَت (رُ۔عُو۔نَت)
رَغَبَت	رَغْبَت (رَغ۔بَت)
رِفاقَت	رَفَاقَت (رَ۔فا۔قَت)
رَفاہِ عام	رِفاہِ عام (رِ۔فا۔ہِ۔عام)
رِقابَت	رَقابَت (رَ۔قا۔بَت)
رَقَم	رَقْم (رَ۔قَم)
رَکاب	رِکاب (رِ۔کاب)
رَمْضان	رَمَضان (رَ۔مَ۔ضان)

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
رَمُوْز	رُمُوْز (رُ-مُوْ-ز)
روشناس	رُوْشَناس (رُو-شَ-ناس)
رَوِیَّہ	رَوِیَّہ (رَ-وِیْ-یَہ)
ریش	رِیْش (رِ-یْ-ش)

(ز)

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
زُبُوْر	زَبُوْر (زَ-بُوْ-ر)
زُخَمْ	زَخْمْ (زَخْ-م)
زَراعَتْ	زِراعَتْ (زِ-را-عَت)
زَرْتَشْتْ	زَرْتُشْت (زَر-تُش-ت)
زَعْفَرَان	زَعْفَران (زَعْ-فَ-را-ن)
زَک	زَکْ (زَکْ)
زِکْرِیا	زَکَرِیَّا (زَ-کَ-رِیْ-یا)
زِوال	زَوال (زَ-وا-ل)
زُہْرَا	زَہْرا (زَہْ-را)
زَیر و بَم	زِیر و بَم (زِیْ-رو-بَم)

(س)

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
سابقَہ	سابِقَہ (سا۔بِ۔قَہ)
سانَحہ	سانِحَہ (سا۔نِ۔حَہ)
سَبَقِت	سَبقَت (سَب۔قَت)
سُبَک	سُبُک (سُ۔بُک)
سبکی	سُبُکِی (سُب۔کی) (ہلکا پن، تذلیل)
سَہُرُد	سِپُرْد (سِ۔پُرْ۔د)
سَہُرُدگی	سِپُرْدگی (سِ۔پُرْ۔دَ۔گی)
سَپَر	سِپَر (سِ۔پَر)
سَتائش	سِتائِش (سِ۔تا۔ئِش)
سَتُون	سُتُون (سُ۔تُو۔ن)
سِحَر	سَحَر (سَ۔حَر) (صبح/سحری)
سَحَر	سِحْر (سِح۔ر) (جادو)
سَرایَت	سِرایَت (سِ۔را۔یَت)
سُرْخیل	سَرْخیل (سَر۔خے۔ل)
سَرْد مُہری	سَرْد مَہری (سَر۔د۔مَ۔ہ (مجہول)۔ری)

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
سَرْنُگوں	سَرْنِگوں (سَر۔نِ۔گُوں)
سَرِوَرْق	سَرْوَرَق (سَر۔وَ۔رَق)
سَرْیہ	سَرِیَّہ (سَ۔رِی۔یَہ) (کسی صحابی کے ماتحت فوجی کارروائی)
سَطِح	سَطْح (سَط۔ح)
سُفُوف	سَفُوف (سَ۔فُو۔ف)
سَکُوت	سُکُوت (سُ۔کُو۔ت)
سَکُون	سُکُون (سُ۔کُو۔ن)
سَلُوک	سُلُوک (سُ۔لُو۔ک)
سِمت	سَمْت (سَم۔ت)
سَمُنْدَر	سَمَنْدَر (سَ۔مَن۔دَر)
سَنْسِکْرَت	سَنْسْکِرِت (سَن۔س۔کِ۔رِت)
سَہُو	سَہْو (سَہ۔و)
سَہُولَت	سُہُولَت (سُ۔ہُو۔لَت)
سَیَّاحَت	سِیاحَت (سِ۔یا۔حَت)
سَیاق	سِیاق (سِ۔یا۔ق)

(شؔ)

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
شائِع (شائعا)	شائِع (شَا۔ ئِع)
شَبْ رات/شُبْ رات	شَبِ بَرَاْت (شَ۔ بے۔ بَ۔ رَ۔ أَت)
شُبَہ	شُبْہ (شُب۔ ہْ)
شُتَرْمُرْغ	شُتُرمُرْغ (شُ۔ تُر۔ مُر۔ غْ)
شُجَاعَت	شَجاعَتْ (شَ۔ جا۔ عَت)
شَرْطِیَہ	شَرْطِیَّہ (شَرْ۔ طِی۔ یَہ)
شَرْف	شَرَف (شَ۔ رَف)
شُرْفا	شُرَفا (شُ۔ رَ۔ فَا)
شُرْکا	شُرَکا (شُ۔ رَ۔ کا)
شَرْمِنْدَگی	شَرْمِنْدَگی (شَرْ۔ مِن۔ دَ۔ گی)
شُمار	شِمار (شِ۔ مَا۔ رْ)
شَعْوْر	شُعُوْر (شُ۔ عُو۔ رْ)
شَفا	شِفا (شِ۔ فا)
شِفاعَتْ	شَفاعَت (شَ۔ فا۔ عَت)
شِکِسْت	شِکَسْتْ (شِ۔ کَس۔ ت)

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
شَکِسْتَہ/شَکَسْتَہ	شِکَسْتَہ (شِ۔ کَس۔ تَہ)
شَکَنْجَہ	شِکَنْجَہ (شِ۔ کَن۔ جَہ)
شَکُوک	شُکُوْکْ (شُ۔ کُو۔ کْ)
شِکوہ	شُکوہْ (شُ۔ کو۔ ہْ)
شُمال	شِمال (شِ۔ ما۔ لْ)
شَہَر	شَہْر (شَہْ (مجہول)۔ رْ)
شُہْدا	شُہَدا (شُ۔ ہَ۔ دَا)
شَہِنْشاہ	شَہَنْشاہ (شَ۔ ہَن۔ شا۔ ہْ)

(ص)

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
صَاحَب	صَاحِبْ (صَا۔حِبْ)
صادَر	صَادِر (صَا۔دِرْ)
صُبَح	صُبْحْ (صُبْ۔حْ)
صَبَر	صَبْرْ (صَبْ۔رْ)
صِحابَه	صَحابَه (صَ۔حا۔بَہ)
صِدارَتْ	صَدارَت (صَ۔دا۔رَتْ)
صَدَر	صَدْر (صَدْ۔رْ)
صَدْقات	صَدَقات (صَ۔دَ۔قا۔تْ)
صَرَف	صِرْف (صِرْ۔فْ)
صِفَتْ	صِفَتْ (صِ۔فَتْ)
صِفَر	صِفْر (صِفْ۔ر)
صُلَح	صُلْح (صُلْ۔ح)
صنَف	صِنْف (صِنْ۔فْ)
صيام	صِيام (صِ۔یا۔مْ)

(ض)

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
ضَابْطَه	ضابِطَه (ضَا۔بِ۔طَہ)
ضَرْبُ الْمِثْل	ضَرْبُ الْمَثَل (ضَرْ۔بُلْ۔مَ۔ثَلْ)
ضُرُوْر	ضَرُوْر (ضَ۔رُوْ۔رْ)
ضُرُوْرَت	ضَرُوْرَت (ضَ۔رُوْ۔رَتْ)
ضِمَن	ضِمْن (ضِمْ۔نْ)
ضُوْفِشاں	ضَوْفِشاں (ضَوْ۔فِ۔شاں)
ضِيافَتْ	ضِيافَت (ضِ۔یا۔فَتْ)

(ط)

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
طَرح	طَرْح (طَرْ ـ ح)
طُعام	طَعام (طَ ـ عا ـ م)
طُلبَه	طَلَبَہ (طَ ـ لَ ـ بَہ)
طَلِسم	طِلِسْم (طِ ـ لِس ـ م)
طَمع	طَمَع (طَ ـ مَعْ)
طَلوع	طُلُوْع (طُ ـ لُوْ ـ ع)

(ظ)

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
ظَرُوف	ظُرُوْف (ظُ ـ رُوْ ـ ف)
ظُلُم	ظُلْم (ظُلْ ـ م)
ظُہَر	ظُہْر (ظُہْ ـ ر)
ظَہُوْر	ظُہُوْر (ظُ ـ ہُوْ ـ ر)

(ع)

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
عارْضَہ	عَارِضَہ (عا ـ رِ ـ ضَہ)
عارْضَی	عَارِضِی (عا ـ رِ ـ ضِی)
عافِیَّت	عافِیَت (عا ـ فِ ـ یَت)
عِبا	عَبا (عَ ـ با)
عَبُوْر	عُبُوْر (عُ ـ بُوْ ـ ر)
عَجْمِی	عَجَمِیْ (عَ ـ جَ ـ مِی)
عَدْمْ	عَدَم (عَ ـ دَم)
عُدُو	عَدُوْ (عَ ـ دُوْ)
عَرْبی	عَرَبی (عَ ـ رَ ـ بِی)
عَرْق	عَرَق (عَ ـ رَق)
عَرُوْج	عُرُوْج (عُ ـ رُوْ ـ ج)
عُرُوْس	عَرُوْس (عَ ـ رُوْ ـ س)
عُرُوْض	عَرُوْض (عَ ـ رُوْ ـ ض) (علم اوزانِ شعر)
عِزّوجَل	عَزَّوَجَل (عَزْ ـ زَ ـ وَ ـ جَل)
عَصْبَیْت	عَصَبِیَّت (عَ ـ صَ ـ بِی ـ یَت)

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
عَصْمَت	عِصْمَت (عِص ۔مَت)
عَضْوْ/عَضُوْ	عُضْو (عُض ۔وْ)
عُطارَد	عُطارِد (عُ ۔طا ۔رِدْ)
عِطَرْ	عِطْر (عِطْ ۔رْ)
عَطْیَہ	عَطِیَّہ (عَ ۔طِیْ ۔یَہ)
عَقاب	عُقاب (عُ ۔قا ۔ب)
عَقُوبَتْ	عُقُوبَت (عُ ۔قُوْ ۔بَت)
عُلَما	عُلَمَا (عُ ۔لَ ۔مَا)
عَلُوم	عُلُوم (عُ ۔لُوْ ۔مْ)
عَمَدَا	عَمْدًا (عَمْ ۔دَنْ)
عُمْرو عَیّار	عَمْروعیار (عَمْ ۔رْ ۔عَیْ ۔یا ۔ر)
عَمْلاً	عَمَلاً (عَ ۔مَ ۔لَنْ)
عَمْلی	عَمَلی (عَ ۔مَ ۔لِی)
عُمُود	عَمُود (عَ ۔مُوْ ۔دْ)
عَمُوماً	عُمُوماً (عُ ۔مُوْ ۔مَنْ)
عَنْصر	عُنْصُر (عُنْ ۔صُرْ)
عُنقا	عَنْقا (عَنْ ۔قا)
عَیادَت	عِیادَت (عِ ۔یا ۔دَت)
عَیال	عِیال (عِ ۔یا ۔لْ)

(غ)

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
غَدَر	غَدْر (غَدْ ۔ر)
غُرْبا	غُرَبا (غُ ۔رَ ۔با)
غَرْض	غَرَض (غَ ۔رَض)
غَرُوْب	غُرُوْب (غُ ۔رُوْ ۔بْ)
غَرُوْر	غُرُوْر (غُ ۔رُوْ ۔رْ)
غُسُل	غُسْل (غُس ۔ل)
غَلاظَتْ	غِلاظَت (غِ ۔لا ۔ظَت)
غَلْط	غَلَط (غَ ۔لَطْ)
غَلْطِی	غَلَطِیْ (غَ ۔لَ ۔طِیْ)

(ف)

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
فاتَحہ	فاتِحَہ (فا۔تِ۔حَہ)
فاصْلَہ	فاصِلَہ (فا۔صِ۔لَہ)
فاطْمَہ	فاطِمَہ (فا۔طِ۔مَہ)
فَتْور	فُتُور (فُ۔تُو۔رْ)
فَجَر	فَجْر (فَجْ۔رْ)
فَرَش	فَرْش (فَرْ۔شْ)
فَحَش	فُحْش (فُحْ۔شْ)
فِسانَہ	فَسانَہ (فَ۔سا۔نَہ)
فَصَل	فَصْل (فَصْ۔لْ)
فِضَا	فَضا (فَ۔ضا)
فَضَل	فَضْل (فَضْ۔لْ)
فَضُوْل	فُضُوْل (فُ۔ضُوْ۔لْ)
فِکَر	فِکْر (فِکْ۔رْ)
فَلاں	فُلاں (فُ۔لاں)
فِلْسَفَہ	فَلْسَفَہ (فَلْ۔سَ۔فَہ)
فَنُوْن	فُنُوْن (فُ۔نُوْ۔نْ)

(ق)

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
قَافْلَہ	قافِلَہ (قا۔فِ۔لَہ)
قُبا	قَبا (قَ۔با) (اچکن)
قَتَل	قَتْل (قَتْ۔لْ)
قِرَات	قِرأَتْ (قِ۔رَا۔ءَ۔تْ)
قُرآن	قُرْآن (قُرْ۔آ۔نْ)
قَرْطاس	قِرْطاس (قِرْ۔طا۔سْ)
قَرْطَبَہ	قُرْطُبَہ (قُرْ۔طُ۔بَہ)
قَصاص	قِصاص (قِ۔صَا۔صْ)
قَصُوْر	قُصُوْر (قُ۔صُوْ۔رْ)
قَطْعَہ	قِطْعَہ (قِطْ۔عَہ)
قُفَل	قُفْل (قُفْ۔لْ)
قَلَع قُمَع	قَلْع قَمْع (قَلْ۔عْ۔قَمْ۔عْ)
قَلْق	قَلَق (قَ۔لَق)
قُمار	قِمار (قِ۔ما۔رْ)
قَلْبِی	قَلَبِی (قَ۔لَ۔بِی)
قِماش	قُماش (قُ۔ما۔شْ)

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
قَندِیل	قِندِیل (قِن ۔ دِی ۔ ل)
قُنُوت	قُنُوت (ق ۔ نُو ۔ ت)
قَوس قَزَح	قَوسِ قُزَح (قَو ۔ سے ۔ ق ۔ زَح)
قَیام	قِیام (قِ ۔ یا ۔ م)
قَیامَت	قِیامَت (قِ ۔ یا ۔ مَت)
قِیمَتی	قِیمَتی (قِی ۔ مَ ۔ تی)

(ک)

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
کان کُن	کان کَن (کا ۔ ن ۔ کَن)
کان کُنِی	کان کَنی (کا ۔ ن ۔ کَ ۔ نی)
کَدُوْرَت	کُدُوْرَت (کُ ۔ دُو ۔ رَت)
کِذّاب	کَذّاب (کَذ ۔ ذا ۔ ب)
کِشتِی	کَشتی (کَش ۔ تی)
کَفالَت	کَفالَت (کَ ۔ فا ۔ لَت)
کَفَایَتْ	کِفایَتْ (کِ ۔ فا ۔ یَت)
کَلِیْدْ	کِلِیدْ (کِ ۔ لی ۔ د)
کَمَک	کُمَک (کُ ۔ مَک)
کَنایَہ	کِنایَہ (کِ ۔ نا ۔ یَہ)
کُنْدَہ	کَنْدَہ (کَن ۔ دَہ) (کھدا ہوا)
کُنِیَّت	کُنیَت (کُن ۔ یَت)

(گ، گھ)

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
گَرامی	گِرامی (گِ۔را۔مِی)
گِرَفتار	گِرِفتار (گِ۔رِف۔تا۔ر)
گَروہ	گِروہ (گِ۔رو۔ہ)
گُزِشتَہ	گُزَشتَہ (گُ۔زَش۔تَہ)
گُھمسان	گَھمسَان (گھم۔سا۔ن)

(ل)

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
لاحَق	لاحِق (لا۔حِق)
لاغِر	لاغَر (لا۔غَر)
لامُحالَہ	لامَحالَہ (لا۔مَ۔حا۔لَہ)
لَسّان	لِسَان (لِ۔سَا۔ن) (زبان)
لَغو	لَغْو (لَغ۔و)
لُغوِی	لُغَوِی (لُ۔غَ۔وِی)
لَمَحَہ	لَمْحَہ (لَم۔حَہ)
لَوازْمات	لَوازِمات (لَ۔وا۔زِ۔مَا۔ت)

(م)

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
مانِنْد	مانَند (مَا۔نَن۔د)
مَباح	مُباح (مُ۔با۔ح)
مُباحِث	مَباحِث (مَ۔با۔حِث)
مُباحِثَہ	مُباحَثَہ (مُ۔با۔حَ۔ثَہ)
مُبادَا	مَبَادا (مَ۔بَا۔دا)
مُبارِک	مُبَارَک (مُ۔با۔رَک)
مُبالِغَہ	مُبالَغَہ (مُ۔با۔لَ۔غَہ)
مُبتِلا	مُبْتَلا (مُب۔تَ۔لا)
مَبلَغ	مُبلِغ (مُب۔لِغ) (رقم کی مقدار)
مُتبادِل	مُتَبادِل (مُ۔تَ۔بَا۔دِل)
مَثبَت	مُثبَت (مُث۔بَت)
مِثَل	مِثل (مِث۔ل)
مُجمِل	مُجْمَل (مُج۔مَل)
مُحاسِبَہ	مُحاسَبَہ (مُ۔حا۔سَ۔بَہ)

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
مُحْتَرِم	مُحْتَرَم (مُح ـ تَ ـ رَم)
مُحَاذ	مَحاذ (مَ ـ حا ـ ذْ)
مُتَحَدَّہ	مُتَّحِدَہ (مُت ـ تَ ـ حِ ـ دَہ)
مُتَّفِقَہ	مُتَّفَقَہ (مُت ـ تَ ـ فَ ـ قَہ)
مَتَن	مَتْن (مَت ـ نْ)
مُتَواتَر	مُتَواتِر (مُ ـ تَ ـ وا ـ تِرْ)
مُحْکِم	مُحْکَمْ (مُح (مجہول) ـ کَم)
مَحَکْمَہ	مَحْکَمَہ (مَح (مجہول) ـ کَ ـ مَہ)
مِحَنْتَانَہ	مِحْنَتَانَہ (مِح ـ (مجہول) ـ نَ ـ تا ـ نَہ)
مُخالِفَت	مُخالَفَتْ (مُ ـ خا ـ لَ ـ فَت)
مُخْتَصِر	مُخْتَصَر (مُخ ـ تَ ـ صَرْ)
مَدارات	مُدارات (مُ ـ دا ـ را ـ ث)
مَدَاوا	مُداوا (مُ ـ دا ـ وَا)
مَدْرَسَہ	مَدْرَسَہ (مَدْ ـ رَ ـ سَہ)
مُذَاکَرَہ	مُذاکَرَہ (مُ ـ ذا ـ کَ ـ رَہ)
مُذَمَّت	مَذَمَّت (مَ ـ ذَم ـ مَت)
مُراسَلَہ	مُراسَلَہ (مُ ـ را ـ سَ ـ لَہ)
مَرَاحَل	مَراحِل (مَ ـ را ـ حِل)

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
مَراعات	مُراعات (مُ ـ را ـ عَا ـ ث)
مُرْتِدْ	مُرْتَدْ (مُر ـ تَدْ)
مَرْض	مَرَض (مَ ـ رَض)
مُرَمَّت	مَرَمَّت (مَ ـ رَم ـ مَت)
مَرْیَمْ	مَرْیَمْ (مَر ـ یَم)
مَرّیخ	مِرّیخ (مِر ـ رِی ـ خْ)
مَزَاح	مِزاح (مِ ـ زا ـ ح)
مُسَاعِی	مَساعِیْ (مَ ـ سا ـ عِی)
مُسَافَت	مَسافَتْ (مَ ـ سا ـ فَت)
مَسَاوات	مُساوات (مُ ـ سا ـ وا ـ ت)
مَساوی	مُسَاوِی (مُ ـ سَا ـ وِی)
مُسْتَحِبْ	مُسْتَحَبْ (مُس ـ تَ ـ حَبْ)
مُسْتَرَدْ	مُسْتَرَد (مُس ـ تَ ـ رَدْ)
مُسْتَعَدْ	مُسْتَعِدْ (مُس ـ تَ ـ عِدْ)
مُسْتَعِمل	مُسْتَعْمَل (مُس ـ تَعْ ـ مَل)
مُسَرَّت	مَسَرَّت (مَ ـ سَر ـ رَت)
مُسْکَرانا	مُسْکُرانا (مُس ـ کُ ـ را ـ نا)
مُسَوَّدَہ	مُسَوَّدَہ (مُ ـ سَو ـ وَ ـ دَہ)

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
مَسْلَہ	مَسْئَلَہ (مَس ـ ءَ ـ لَہ)
مَشاعِرَہ	مُشاعَرَہ (مُ ـ شا ـ عَ ـ رَہ)
مُشَاوِرَت	مُشَاوَرَت (مُ ـ شا ـ وَ ـ رَت)
مُشْتَرْکَہ	مُشْتَرَکَہ (مُش ـ تَ ـ رَ ـ کَہ)
بِشْعَل	مَشْعَلْ (مَش ـ عَل)
مُشَقَّت	مَشَقَّت (مَ ـ شَق ـ قَت)
مَشَک	مَشک (مَش ـ ک)
مُصارِف	مَصارِف (مَ ـ صا ـ رِف)
مَصْحَفْ	مُصْحَفْ (مُص ـ حَف)
مُصْطُفیٰ	مُصْطَفیٰ (مُص ـ طَ ـ فا)
مَضَافات	مُضافات (مُ ـ ضا ـ فا ـ ت)
مُضْمِرْ	مُضْمَر (مُض ـ مَر)
مُطَالْبَہ	مُطَالَبَہ (مُ ـ طَا ـ لَ ـ بَہ)
مَطالِعَہ	مُطالَعَہ (مُ ـ طا ـ لَ ـ عَہ)
مُطْلَقَہ	مُطَلَّقَہ (مُ ـ طَل ـ لَ ـ قَہ)
مُطَہْرات	مُطَہَّرات (مُ ـ طَہ ـ ہَ ـ را ـ ت)
مُظَاہِرَہ	مُظاہَرَہ (مُ ـ ظا ـ ہَ ـ رَہ)

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
مُعاش	مَعاش (مَ ـ عا ـ ش)
مَعاشْرَہ	مُعَاشَرَہ (مُ ـ عا ـ شَ ـ رَہ)
مَعاصِر	مُعاصِر (مُ ـ عا ـ صِر)
مَعاف	مُعافْ (مُ ـ عا ـ ف)
مُعامْلَہ/مُعامِلہ	مُعَامَلَہ (مُ ـ عا ـ مَ ـ لَہ)
مُعانی	مَعانی (مَ ـ عا ـ نی)
مُعاوْضَہ	مُعاوَضَہ (مُ ـ عا ـ وَ ـ ضَہ)
مَعاوِن	مُعَاوِن (مُ ـ عا ـ وِن)
مَعاوِنَتْ	مُعاوَنَتْ (مُ ـ عا ـ وَ ـ نَت)
مُعاہِدَہ	مُعاہَدَہ (مُ ـ عا ـ ہَ ـ دَہ)
مُعْتَبِرْ	مُعْتَبَرْ (مُ ـ تَ ـ بَر)
مُعِمّا	مُعَمّا (مُ ـ عَم ـ مَا)
مَعْنُوْن	مُعَنْوَن (مُ ـ عَن ـ وَن)
مَغَرْبی	مَغْرِبی (مَغ ـ رِ ـ بی)
مِغْفَرِت	مَغْفِرَت (مَغ ـ فِ ـ رَت)
مُقابْلَہ/مُقابِلہ	مُقَابَلَہ (مُ ـ قَا ـ بَ ـ لَہ)
مُکالْمَہ/مِکالِمَہ	مُکالَمَہ (مُ ـ کا ـ لَ ـ مَہ)

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
مُلازِمَت	مُلازَمَتْ (مُ۔لا۔زَ۔مَتْ)
مُلَوِث	مُلَوَّثْ (مُ۔لَوْ۔وَثْ)
مُمالِک	مَمالِکْ (مَ۔مَا۔لِکْ) (مملکت کی جمع)
مُمانِعَت	مُمَانَعَت (مُ۔مَا۔نَ۔عَتْ)
مِنارَہ	مَنارَہ (مَ۔نا۔رَہ)
مُنافَع	مَنافِعْ (مَ۔نا۔فِعْ)
مَنافِی	مُنافِیْ (مُ۔نا۔فِیْ)
مُنتَخِب	مُنْتَخَبْ (مُنْ۔تَ۔خَبْ) (چھانٹا ہوا)
مُنتَشَر	مُنْتَشِرْ (مُنْ۔تَ۔شِرْ)
مُنْدَرَجَہ	مُنْدَرِجَہ (مُنْ۔دَ۔رِ۔جَہ)
مُنسَلَک	مُنسَلِکْ (مُنْ۔سَ۔لِکْ)
مِنطَق	مَنطِقْ (مَنْ۔طِقْ)
مُنْعَقَدْ	مُنْعَقِدْ (مُنْ۔عَ۔قِدْ)
مُنْعَکَس	مُنْعَکِسْ (مُنْ۔عَ۔کِس)
مَنفِعَت	مَنْفَعَتْ (مَنْ۔فَ۔عَتْ)
مُنْقَسَم	مُنْقَسِمْ (مُنْ۔قَ۔سِم)
مُنْقَطَع	مُنْقَطِعْ (مُنْ۔قَ۔طِعْ)

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
مَن و عَن	مِن و عَن (مِ۔نو۔عَن)
مُنْہَدَم	مُنْہَدِم (مُنْ۔ہَ۔دِم)
مُوَاعِظ	مَوَاعِظ (مَ۔وَا۔عِظ)
مُؤَخِّر	مُؤَخَّرْ (مُ۔أَ۔خْ۔خَرْ)
مُورِخَہ	مُؤَرَّخَہ (مُ۔أَرْ۔رَ۔خَہْ)
مَوسِیقِی	مُوسِیقِی (مُو۔سی۔قی)
مَہاجِر	مُہاجِر (مُ۔ہا۔جِر)
مُہْلَک	مُہْلِکْ (مُہْ۔لِکْ)
مُہْمِل	مُہمَل (مُہْ۔مَلْ)
مَیَسَّر	مُیَسَّرْ (مُ۔یَس۔سَرْ)

(ن)

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
نَادَر	نَادِر (نا۔ دِرْ)
ناگزیْر	ناگُزیْر (نا۔ گُ۔ زِیْ۔ رْ)
نْبوِیَ	نَبوِیْ (نَ۔ بَ۔ وِیْ)
نَثْر	نَثْر (نَث۔ رْ)
نِجات	نَجات (نَ۔ جا۔ تْ)
نِجاسَت	نَجاسَتْ (نَ۔ جا۔ سَتْ)
نَجُوْم	نُجُوْم (نُ۔ جُوْ۔ مْ)
نِدَامَت	نَدامَت (نَ۔ دا۔ مَتْ)
نَذْر	نَذْر (نَذْ۔ رْ)
نَرْخ	نِرْخ (نِرْ۔ خْ)
نِرْغَه	نَرْغَه (نَرْ۔ غَه)
نِزْد	نَزْد (نَزْ۔ دْ)
نَزُوْل	نُزُوْل (نُ۔ زُوْ۔ لْ)
نِژَاد	نَژَادْ (نَ۔ ژَا۔ دْ)
نشْبْ	نَسَبْ (نَ۔ سَبْ)

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
نَشْق	نَسَقْ (نَ۔ سَقْ)
نَسَل	نَسْل (نَسْ۔ لْ)
نَشَاۃِ ثانِیَه	نَشْأَۃِ ثانیَه (نَشْ۔ أَ۔ تے۔ ثا۔ نِ۔ یَه)
نِشاط	نَشَاط (نَ۔ شا۔ طْ)
نَشَانَه	نِشَانَه (نِ۔ شا۔ نَه)
نَشْتَرْ	نِشْتَرْ (نِشْ۔ تَرْ)
نَشوونُما	نَشوونَما (نَشْ۔ وو۔ نَ۔ مَا)
نَظَم	نَظْم (نَظْ۔ مْ)
نَظَام	نِظَام (نِ۔ ظا۔ مْ)
نَصَبْ	نَصْبْ (نَصْ۔ بْ)
نِفاذ	نَفَاذ (نَ۔ فا۔ ذْ)
نَفُوْس	نُفُوْس (نُ۔ فُوْ۔ سْ)
نَقَاب	نِقَابْ (نِ۔ قَا۔ بْ)
نُقَاط	نِقَاط (نِ۔ قَا۔ طْ)
نَقَدْ	نَقْدْ (نَقْ۔ دْ)
نُقَص	نَقْصْ (نَقْ۔ صْ)
نَقَل	نَقْل (نَقْ۔ لْ)

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
نَقُوش	نُقُوش (نُ۔قُو۔ش)
نُکات	نِکات (نِ۔کا۔ث)
نَکْرَہ	نَکِرَہ (نَ۔کِ۔رَہ)
نَمُو	نُمُوْ (نُ۔مُوْ)
نوک جھونک	نوک جوک
نَیاز	نِیَاز (نِ۔یَا۔ز)

(و)

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
وَاپِس	وَاپَسْ (وَا۔پَس)
وابِسْتَہ	وَابَسْتَہ (وَا۔بَس۔تَہ)
وَاسْطَہ	وَاسِطَہ (وَا۔سِ۔طَہ)
وَالدیْن	وَالِدین (وَا۔لِ۔دَیْ۔ن)
وَثُوْق	وُثُوْق (وُ۔ثُو۔ق)
وُجْدَان	وِجْدَان (وِج۔دا۔ن)
وَجُوْد	وُجُوْد (وُ۔جُو۔د)
وَرَاثَتْ	وِرَاثَتْ (وِ۔رَا۔ثَت)
وِرْثَہ	وَرْثَہ (وَر۔ثَہ)
وَرْقْ	وَرَقْ (وَ۔رَق)
وَرْمْ	وَرَم (وَ۔رَم)
وَزَنْ	وَزْنْ (وَز۔ن)
وَصُوْل	وُصُوْل (وُ۔صُو۔ل)
وَضُوْ	وُضُوْ (وُ۔ضُو)
وَفَاق	وِفاق (وِ۔فا۔ق)

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
وَفد	وَفْدْ (وَف ـ دْ)
وَقَتْ	وَقْت (وَق ـ ث)
وُقَعَت	وَقْعَت (وَق ـ عَث)
وَقُوع	وُقُوع (وُ ـ قُو ـ عْ)
وکَلا	وُکَلا (وُ ـ کَ ـ لَا)

(ہ)

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
باضْمَہ	ہَاضِمَہ (ہَا ـ ضِ ـ مَہ)
ہِجو	ہَجْوْ (ہَج ـ وْ)
ہَجُوْم	ہُجُوْم (ہُ ـ جُو ـ م)
ہَراس	ہِراس (ہِ ـ رَا ـ س)
ہَراساں	ہِراساں (ہِ ـ رَا ـ ساں)
ہَرَن	ہِرَن (ہِ ـ رَن)
ہَضَم	ہَضْم (ہَض ـ م)
ہَوِسْ	ہَوَسْ (ہَ ـ وَس)
ہوش رَبا	ہوش رُبا (ہو ـ ش ـ رُ ـ با)
ہُیُوْلا	ہَیُوْلا (ہَ ـ یُو ـ لا)

ی

عوامی تلفظ	فصیح تلفظ
یَثْرَب	یَثْرِبْ (یَث ـ رِب)
یَرْغمال	یَرْغَمَال (یَر ـ غَ ـ مَال)
یَکْ جِہْتی	یَکْ جِہَتیْ (یَک ـ جِ (ـجِ) ـ ہَ ـ تی)
یَکْ طرْفہ	یَکْ طرَفَہ (یَک ـ طَ ـ رَ ـ فہ)

کتابیات

نمبر شمار	کتاب	مصنف	سن	ادارہ
۱۔	اُردو املا	رشید حسن خان	۱۹۷۴ء	قومی کونسل برائے فروغ اُردو زبان، نئی دہلی
۲۔	فرہنگ تلفظ	شان الحق حقی	۲۰۱۷ء	ادارہ فروغ قومی زبان، اسلام آباد
۳۔	صحافتی زبان	مسکین حجازی	۱۹۷۵ء	سنگ میل پبلی کیشنز، لاہور
۴۔	حسنِ تلفظ	ممتاز احمد عباسی	۱۹۷۲ء	دارالسکون، کراچی
۵۔	اخبار کی راتیں	رضا علی عابدی	۲۰۱۲ء	سنگ میل پبلی کیشنز، لاہور
۶۔	یہ مسائلِ تلفظ	ادریس صدیقی	۱۹۷۵ء	اُردو اکیڈمی، سندھ، کراچی
۷۔	اصلاحِ تلفظ و املا	طالب الہاشمی	۲۰۰۴ء	القمر انٹرپرائزز، لاہور
۸۔	صحت الفاظ	سیّد بدر الحسن	۲۰۰۵ء	دارالنوادر، لاہور
۹۔	صحت املا کے اُصول	رفیع الدین ہاشمی	۲۰۱۶ء	ادارہ یادگار غالب، کراچی

SHOUKAT HUSSAIN
Lecturer
Govt. College Hyderabad